وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب نے سال 2024ء کی سالانہ رپورٹ صدر پاکستان کو پیش کر دی

سال کے دوران دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ وفاقی محتسب

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے ادارے کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2024ء صدر پاکستان آصف علی زرداری کو پیش کر دی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان کے ادارے کو سال 2024ء کے دوران ریکارڈ شکایات موصول ہوئیں جن کی تعداد 2 لاکھ 26 ہزار 372 تھی جو سال 2023ء کے مقابلہ میں 17 فیصد زیادہ رہیں۔ سال 2024ء کے دوران 2 لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ برس کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ تھے۔ شکایات میں یہ اضافہ کھلی کچہریوں، تنازعات کے غیر رسمی حل کے پروگرام آئی آر ڈی اور سرکاری دفاتر کے معائنوں جیسے اقدامات کا نتیجہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ادارہ عوام الناس کے لئے کتنا مفید اور موثر ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ مظفر آباد آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور ساہیوال سمیت ملک کے 25 شہروں میں موجود ہے جو عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر مفت اور جلد انصاف فراہم کر رہا ہے اور حقیقتاً غریبوں کی عدالت ہے۔ رپورٹ کے مطابق بچوں کی فلاح کے لئے کام کرنے کے ساتھ ساتھ یہ ادارہ بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے بھی کوشاں ہے اور اس مقصد کے لئے ادارے نے پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر یکجا سہولیاتی مراکز قائم کر رکھے ہیں، جہاں بیرون ملک پاکستانیوں سے متعلق تمام محکموں کے نمائندگان چوبیس گھنٹے موجود رہتے ہیں اور شکایات کا فوری ازالہ کرتے ہیں۔ بیرون ملک پاکستانیوں کے شکایات کمشنر کے ذریعے سال 2024ء کے دوران 149,060 پاکستانیوں کے مسائل حل کئے گئے۔ رپورٹ میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) میں وفاقی محتسب کے بھرپور کردار کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے کہ اے او اے کی صدارت بھی پاکستان کے پاس ہے اور اس پلیٹ فارم سے ایشیاء میں محتسب کے تصور کو اجاگر کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266

26 مارچ 2025ء